زادِراہ

حج وعمرہ کے دوران پڑھی جانے والی دعائیں

eBooklet

نام کتاب ------------ زادِراہ
تالیف ------------ الہدیٰ شعبہ تحقیق
ناشر ------------ الہدیٰ پبلی کیشنز
ایڈیشن1 ------------ 2009 | اشاعت1
ایڈیشن2 ------------ 2011 | اشاعت1
ایڈیشن3 ------------ جولائی2022 | اشاعت1

ملنے کے پتے

پاکستان

7-AK Brohi Road, H-11/4, Islamabad, Pakistan
فون: +92-51-4866125-9 +92-51-4866150-1
salesoffice.isb@alhudapk.com
www.alhudapublications.org
www.farhathashmi.com **www.alhudapk.com**

امریکہ

PO Box 2256 Keller TX 76244
فون: +1-480-234-8918 +1-817-285-9450
www.alhudaonlinebooks.com

کینیڈا

5671 McAdam Rd ON L4Z IN9 Mississauga Canada
فون: +1-647-869-6679 +1-905-624-2030
www.alhudainstitute.ca

برطانیہ

14 Wangey Road, Chadwell Heath Romford,
Essex RM6 4AJ London U.K.
فون: +44-79-1312-1096 +44-20-8599-5277
alhudauk.info@gmail.com
alhudaproducts.uk@gmail.com

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم

وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَیْرَ الزَّادِ التَّقْوٰی

’’اور زادِ راہ لے لو بے شک بہترین زادِ راہ تقوٰی ہے‘‘۔ [البقرۃ:197]

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

اخلاص نیت کی دعا

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ عَمَلِیْ کُلَّہٗ صَالِحًا،

وَاجْعَلْہُ لِوَجْھِکَ خَالِصًا،

وَلَا تَجْعَلْ لِاَحَدٍ فِیْہِ شَیْئًا.

’’اے اللہ! میرے ہر عمل کو صالح بنا دے، اسے اپنے چہرے
کے لیے خالص کر دے اور اس میں کسی ایک کے لیے بھی کوئی حصہ نہ رکھ‘‘۔

[الداء والدواء، ص:303]

گھر سے روانگی

مسافر گھر والوں کو دعا دے

• اَسْتَوْدِعُکَ اللّٰہَ الَّذِیْ لَا تَضِیْعُ وَدَائِعُہٗ.

''میں تمہیں اللہ کے سپرد کرتا ہوں جس کے پاس رکھی گئی امانتیں ضائع نہیں ہوتیں''۔

[سنن الکبری للنسائی:10269] [سنن ابن ماجہ:2825]

گھر والے مسافر کو دعا دیں

• اَللّٰھُمَّ اطْوِلَہُ الْبُعْدَ،وَھَوِّنْ عَلَیْہِ السَّفَرَ. [سنن الترمذی:3445]

''اے اللہ! اس کے لیے سفر کی دوری کو لپیٹ دے اور سفر کو اس پر آسان کر دے''۔

• اَسْتَوْدِعُ اللّٰہَ دِیْنَکَ وَاَمَانَتَکَ وَخَوَاتِیْمَ عَمَلِکَ

''میں تیرا دین، تیری امانت اور تیرے عمل کا اختتام اللہ کے سپرد کرتا ہوں''۔

[سنن الترمذی:3443]

• زَوَّدَکَ اللّٰہُ التَّقْوٰی وَغَفَرَ ذَنْبَکَ وَیَسَّرَ لَکَ الْخَیْرَ حَیْثُ مَا کُنْتَ. [سنن الترمذی:3444]

''اللہ تجھے تقوٰی کا توشہ عطا کرے، تیرے گناہ معاف کرے اور جہاں کہیں بھی تم ہو تیرے لیے خیر کو آسان کرے''۔

© AL-HUDA INTERNATIONL WELFARE FOUNDATION

سفر کی دعائیں

پاؤں سواری پر رکھتے ہوئے

- بِسْمِ اللّٰہِ. ''اللہ کے نام کے ساتھ''۔ (تین مرتبہ) [سنن الترمذی:3446]

سوار ہونے کے بعد

- اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ. ''تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہے''۔(ایک مرتبہ)

[سنن الترمذی:3446]

سواری پر بیٹھنے کے بعد

- سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَلَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ ○ وَاِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ○ [الزخرف:14-13]

''پاک ہے وہ ذات جس نے اس (سواری) کو ہمارے لیے مسخر کیا ورنہ ہم اسے قابو میں لانے والے نہ تھے اور بے شک ہم اپنے رب ہی کی طرف لوٹنے والے ہیں''۔

- اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ. ''تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہے''۔(تین مرتبہ)
- اَللّٰہُ اَکْبَرُ. ''اللہ ہی سب سے بڑا ہے''۔(تین مرتبہ)
- سُبْحَانَکَ اِنِّیْ قَدْظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ. [سنن الترمذی :3446]

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

”پاک ہے تُو، بے شک میں نے (تیری نافرمانی کر کے) اپنے نفس پر ظلم کیا ہے پس تُو مجھے معاف فرما دے کیونکہ تیرے علاوہ گناہوں کو کوئی نہیں بخش سکتا“۔

آغازِ سفر کی دعا

• اَللّٰہُ اَکْبَرُ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ، سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ وَاِنَّا اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ، اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ فِیْ سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰى وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰى، اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا سَفَرَنَا هٰذَا وَاطْوِ عَنَّا بُعْدَهٗ، اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِيْفَةُ فِی الْاَهْلِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ الْمَنْظَرِ وَسُوْءِ الْمُنْقَلَبِ فِی الْمَالِ وَالْاَهْلِ. [صحیح مسلم:3275]

”اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، پاک ہے وہ ذات جس نے اس (سواری) کو ہمارے لیے مسخر کر دیا حالانکہ ہم اس کو قابو میں لانے والے نہ تھے اور بے شک ہم اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ اے اللہ! ہم اس سفر میں تجھ سے نیکی، تقوٰی اور ایسے عمل کا سوال کرتے ہیں جو تجھ کو پسند ہو۔ اے اللہ! ہم پر اس سفر کو آسان کر دے اور اس کی دوری کو لپیٹ دے۔ اے اللہ! تو اس سفر میں (ہمارا) ساتھی

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

ہے اور اہل وعیال میں ہمارا خلیفہ ہے۔ اے اللہ! بے شک میں سفر کی تکلیف، برے منظر، اپنے مال اور اہل وعیال میں بری حالت کے ساتھ واپس آنے سے تیری پناہ طلب کرتا ہوں“۔

دورانِ سفر

صبح کے وقت سفر کے دوران مانگی جانے والی دعا

• سَمِعَ سَامِعٌ بِحَمْدِ اللّٰهِ وَحُسْنِ بَلَائِهِ عَلَيْنَا، رَبَّنَا صَاحِبْنَا وَأَفْضِلْ عَلَيْنَا، عَائِذًا بِاللّٰهِ مِنَ النَّارِ.

سن لیا سننے والے نے اللہ کی حمد کو اور ہم پر اس کی نعمتوں کی خوبی کے اقرار کو، اے ہمارے رب! ہمارے ساتھ رہ اور ہم پر فضل کر، اس حال میں کہ ہم آگ سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں“۔

[صحیح مسلم:6900]

سواری کے ٹھوکر کھانے پر

• بِسْمِ اللّٰهِ. ”اللہ کے نام کے ساتھ“۔ [سنن أبی داود:4982]

بلندی پر چڑھتے ہوئے

• اَللّٰهُ اَكْبَرُ. ”اللہ سب سے بڑا ہے“۔

بلندی سے نیچے اترتے ہوئے

• سُبْحَانَ اللّٰهِ. ”اللہ پاک ہے“۔ [صحیح البخاری:2993]

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

مشروط احرام کی نیت

• اَللّٰھُمَّ اِنْ حَبَسَنِیْ حَابِسٌ فَمَحِلِّیْ حَیْثُ حَبَسْتَنِیْ.

”اے اللہ! جہاں تو نے مجھے روک دیا میں وہیں احرام کھول دوں گا“۔

[صحیح البخاری:5089]

احرام باندھنے کے بعد تلبیہ

میقات پہنچ کر تلبیہ پڑھنا

(اَللّٰھُمَّ) لَبَّیْکَ عُمْرَۃً لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ، لَبَّیْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ، اِنَّ الْحَمْدَ، وَالنِّعْمَۃَ لَکَ وَالْمُلْکَ، لَاشَرِیْکَ لَکَ. [صحیح مسلم:2995]

”(اے اللہ!) میں عمرہ کے لیے حاضر ہوں، میں حاضر ہوں، اے اللہ! میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں، میں حاضر ہوں، بے شک ہر تعریف، ہر نعمت اور ہر بادشاہت تیرے ہی لیے ہے، تیرا کوئی شریک نہیں“۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

عمرہ اور حج اکٹھے کرنے والے میقات پہنچ کر اس طرح تلبیہ کہیں:

(اَللّٰھُمَّ) لَبَّیْکَ عُمْرَۃً وَّحَجًّا لَبَّیْکَ، اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ، لَبَّیْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ، اِنَّ الْحَمْدَ،وَالنِّعْمَۃَ لَکَ وَالْمُلْکَ، لَاشَرِیْکَ لَکَ. [صحيح مسلم:3029]

''(اے اللہ!) میں عمرہ اور حج کے لیے حاضر ہوں، میں حاضر ہوں، اے اللہ! میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں، میں حاضر ہوں، بے شک ہر تعریف، ہر نعمت اور ہر بادشاہت تیرے ہی لیے ہے، تیرا کوئی شریک نہیں''۔

نوٹ: یہ تلبیہ حجِ قِرآن کرنے والوں کے لیے ہے۔

تلبیہ کے ساتھ ایک بار یہ کلمات ادا کرنا مسنون ہے۔

- **اَللّٰھُمَّ حَجَّۃٌ لَارِیَاءَ فِیْھَاوَلَا سُمْعَۃَ.** [سنن ابن ماجه:2890]

''اے اللہ! (اس) حج سے نہ دکھاوا مقصود ہے اور نہ شہرت مطلوب ہے''۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

تلبیہ کے الفاظ

لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ،

لَبَّیْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ،

اِنَّ الْحَمْدَ،وَالنِّعْمَۃَ لَکَ وَالْمُلْکَ،

لَاشَرِیْکَ لَکَ.

''میں حاضر ہوں اے اللہ! میں حاضر ہوں،

میں حاضر ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں میں حاضر ہوں،

بے شک ہر تعریف، ہر نعمت اور ہر بادشاہت تیرے ہی لیے ہے،

تیرا کوئی شریک نہیں''۔

[صحیح البخاری:1549]

© AL-HUDA INTERNATIONL WELFARE FOUNDATION

کسی شہر میں داخل ہوتے وقت

• اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَا اَظْلَلْتُ وَرَبَّ الْاَرْضِیْنَ السَّبْعِ وَمَا اَقْلَلْتُ وَرَبَّ الرِّیَاحِ وَمَا اَذْرَتْ وَرَبَّ الشَّیَاطِیْنِ وَمَا اَضْلَلْتُ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ خَیْرَھَا وَخَیْرَ مَا فِیْھَا وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّمَا فِیْھَا.

”اے اللہ! اے ساتوں آسمانوں کے رب اور جن چیزوں پر انھوں نے سایہ کیا ہے اور ساتوں زمینوں کے رب اور جن چیزوں کو انھوں نے اٹھایا ہے اور ہواؤں کے رب اور جو کچھ انھوں نے اڑایا ہے اور شیاطین کے رب اور جنہیں انھوں نے گمراہ کیا ہے، بے شک میں تجھ سے اس بستی کی خیر اور جو اس میں ہے اس کی خیر کا سوال کرتا ہوں اور اس بستی کے شر سے اور ان چیزوں کے شر سے جو اس میں ہیں، تیری پناہ مانگتا ہوں“۔

[السلسلة الصحيحة:2759]

• رَبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْکَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ۝

”اے میرے رب! مجھے سچائی کے مقام پر داخل کر اور مجھے سچائی کے مقام ہی سے نکال اور میرے لیے اپنے پاس سے مددگار قوت مہیا فرما“۔ [بنیٓ اسرآء یل:80]

©AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

کسی جگہ اترتے وقت

سفر میں جہاں جہاں رکیں، یہ دعائیں کریں۔

- رَبِّ اَنۡزِلۡنِیۡ مُنۡزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنۡتَ خَيۡرُ الۡمُنۡزِلِيۡنَ ۝

’’اے میرے رب! مجھے برکت والی جگہ اتار اور تو سب سے اچھا ٹھکانہ دینے والا ہے‘‘۔

[المؤمنون:29]

- اَعُوۡذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ.

’’میں اللہ کے تمام کلمات کی پناہ مانگتا ہوں، ہر اُس شر سے جو اُس نے پیدا کیا‘‘۔

[صحیح مسلم:6878]

© AL-HUDA INTERNATIONL WELFARE FOUNDATION

مسجد میں داخل ہوتے وقت

- نبی کریم ﷺ پر درود بھیجیں۔[سنن الترمذی:314]
- اپنا دایاں پاؤں مسجد میں رکھیں اور درج ذیل دعائیں کریں:
- **اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ.** [صحيح مسلم :1652]

”اے اللہ! میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے“۔

- **اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِوَجْھِہِ الْکَرِیْمِ وَسُلْطَانِہِ الْقَدِیْمِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ.** [سنن أبي داود:466]

”میں انتہائی عظمت والے اللہ، اس کے عزت والے چہرے اور اس کی ازلی بادشاہت کے ساتھ شیطان مردود سے پناہ لیتا ہوں“۔

- **بِسْمِ اللّٰہِ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ،اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ.** [سنن ابن ماجه:771]

”اللہ کے نام کے ساتھ، اللہ کے رسول پر سلام ہو، اے اللہ! میرے گناہ معاف فرمادے اور میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے“۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

طواف کی دعا

طواف، حجر اسود کے استلام سے یہ کہتے ہوئے شروع کریں۔

- **بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ.** [السنن الصغرى للبيقهى:1659]

”اللہ کے نام کے ساتھ اور اللہ سب سے بڑا ہے“۔

- طواف کے دوران تلاوتِ قرآن، تسبیح وتہلیل اور دعائیں واذکار کرتے رہیں۔

رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان پڑھنے کی دعا

ہر چکر میں رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان پڑھیں:

- **رَبَّنَآ اٰتِنَا فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِى الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ.** [البقرة:201] [سنن أبى داؤد:1892]

”اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھلائی اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرما، اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا“۔

- طواف کے ہر چکر میں حجرِ اسود کا استلام کرتے ہوئے ”**اَللّٰهُ اَكْبَرُ**“ کہیں۔

[صحيح البخارى:1632]

- ہر چکر کی خاص دعا سنت سے ثابت نہیں۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

مقامِ ابراہیم پر

طواف مکمل کرنے کے بعد

وَاتَّخِذُوا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاھٖمَ مُصَلًّی...

[البقرۃ:125] [صحیح مسلم:2950]

آیت کا کچھ حصّہ پڑھتے ہوئے مقام ابراہیم کی طرف آئیں۔

- یہاں طواف کے دو رکعت نفل ادا کریں۔ پہلی رکعت میں سورۃ الکافرون اور دوسری رکعت میں سورۃ الاخلاص پڑھیں۔ [صحیح مسلم2950]

زمزم پیتے وقت

زمزم پینے سے پہلے دعا مانگیں:

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی دعا

- اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّشِفَاءً مِّنْ کُلِّ دَاءٍ. [مصنف عبد الرزاق: 9112] [سنن الدارقطنی: 2738]

”اے اللہ! میں تجھ سے نفع بخش علم، وسیع رزق اور ہر بیماری سے شفا کا سوال کرتا ہوں“۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

سعی

صفا پہاڑی کی طرف جاتے ہوئے

• اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ. [البقرة:158]

’’بے شک صفا اور مروہ (پہاڑیاں) اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں‘‘۔

• اَبْدَأُ بِمَا بَدَأَ اللّٰهُ بِهِ. [صحیح مسلم:2950]

’’میں ابتدا کرتا ہوں جس سے اللہ نے ابتدا کی‘‘۔

• صفا پہاڑی پر چڑھتے ہوئے بیت اللہ نظر آنے پر قبلہ رخ ہو کر

اَللّٰهُ اَكْبَرُ ’’اللہ سب سے بڑا ہے‘‘ کہیں، پھر درج ذیل کلمات پڑھیں:

• لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ اَنْجَزَ وَعْدَهُ وَنَصَرَ عَبْدَهُ وَ هَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهُ.

’’اکیلے اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، اس کا کوئی شریک نہیں، اُسی کی بادشاہت ہے اور تمام تعریفیں اسی کے لیے ہے اور وہ ہر چیز پر خوب قدرت رکھنے والا ہے، اکیلے اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، اس نے اپنا وعدہ پورا کیا اور اپنے بندے کی مدد فرمائی اور تمام لشکروں کو تنہا شکست دی‘‘۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

• پھر جو چاہیں دعا مانگیں۔

پھر اَللّٰہُ اَکْبَرُ "اللہ سب سے بڑا ہے" کہیں اور درج ذیل کلمات پڑھیں:

• لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہُ لَا شَرِیْکَ لَہُ، لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ،لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہُ اَنْجَزَ وَعْدَہُ وَنَصَرَ عَبْدَہُ وَ ھَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَہُ.

• پھر جو چاہیں دعا مانگیں۔

پھر اَللّٰہُ اَکْبَرُ "اللہ سب سے بڑا ہے" کہیں اور درج ذیل کلمات پڑھیں:

• لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہُ لَا شَرِیْکَ لَہُ، لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ،لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہُ اَنْجَزَ وَعْدَہُ وَنَصَرَ عَبْدَہُ وَ ھَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَہُ.

[صحیح مسلم:2950] [شرح العمدة،ص:183-182]

[المنتقى لابن الجارود،ص:465،121]

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

سعی کے دوران

- کثرت سے ذکر، دعا، تسبیح وتہلیل اور حمد وثنا کریں۔
- دورانِ سعی کوئی بھی دعا مانگ سکتے ہیں۔ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ صفا مروہ کے درمیان وادی میں یہ دعا پڑھتے:

- رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ اِنَّکَ اَنْتَ الْاَعَزُّالْاَکْرَمُ.

[منصف ابن أبی شیبة: 15565،30263]

عمر اور عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما یہ دعا پڑھا کرتے:

- رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ الْاَعَزُّالْاَکْرَمُ.

[منصف ابن أبی شیبة:30142]

''اے میرے رب! مجھے معاف فرما اور مجھ پر رحم فرما اور تو ہی عزت والا، بزرگی والا ہے''۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

مروہ پہاڑی کی طرف جاتے ہوئے

- مروہ پہاڑی پر چڑھتے ہوئے بیت اللہ نظر آنے پر قبلہ رخ ہو کر

اَللّٰهُ اَكْبَرُ ''اللہ سب سے بڑا ہے'' کہیں اور درج ذیل کلمات پڑھیں:

- لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ اَنْجَزَ وَعْدَهُ وَنَصَرَ عَبْدَهُ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهُ.

''اکیلے اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اس کا کوئی شریک نہیں، اُسی کی بادشاہت ہے اور تمام تعریفیں اسی کے لیے ہے اور وہ ہر چیز پر خوب قدرت رکھنے والا ہے، اکیلے اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، اس نے اپنا وعدہ پورا کیا اور اپنے بندے کی مدد فرمائی اور تمام لشکروں کو تنہا شکست دی''۔

- پھر جو چاہیں دعا مانگیں۔

اَللّٰهُ اَكْبَرُ. ''اللہ ہی سب سے بڑا ہے'' کہیں اور درج ذیل کلمات پڑھیں:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ اَنْجَزَ وَعْدَهُ وَنَصَرَ عَبْدَهُ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهُ.

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

• پھر جو چاہیں دعا مانگیں۔

اَللّٰهُ اَكْبَرُ ''اللہ سب سے بڑا ہے'' کہیں۔اور درج ذیل کلمات پڑھیں:

• **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ،لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ اَنْجَزَ وَعْدَهُ وَنَصَرَ عَبْدَهُ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهُ.**

[صحيح مسلم:2950] [شرح العمدة،ص:183-182]

[المنتقى لابن الجارود،ص:121,465]

• ہر مرتبہ صفا و مروہ پر چڑھتے ہوئے اسی طرح عمل کریں اور دعائیں مانگیں۔

• آخری بار مروہ پر کوئی دعا یا ذکر نہیں کرنا۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

مسجد سے نکلتے وقت

- نبی کریم ﷺ پر درود بھیجیں۔[سنن الترمذی:314]
- اپنا بایاں پاؤں مسجد سے باہر رکھیں اور یہ دعا مانگیں:
- **اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ.** [صحیح مسلم : 1652]

اے اللہ! بے شک میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔

- **بِسْمِ اللّٰهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ،اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ فَضْلِکَ.** [سنن ابن ماجه:771]

”اللہ کے نام کے ساتھ، اللہ کے رسول پر سلام ہو، اے اللہ! میرے گناہ معاف فرما دے اور میرے لیے اپنے فضل کے دروازے کھول دے“۔

© AL-HUDA INTERNATIONL WELFARE FOUNDATION

ایّامِ حج

8 ذوالحجہ سے 10 ذوالحجہ تک

8 ذوالحجہ - یوم التّرویہ

قیام گاہ سے حج کا احرام باندھنے کے بعد تلبیہ

(اَللّٰھُمَّ) لَبَّیْکَ حَجًّا لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ، لَبَّیْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ، اِنَّ الْحَمْدَ، وَالنِّعْمَۃَ لَکَ وَالْمُلْکَ، لَاشَرِیْکَ لَکَ. [صحیح مسلم:2994]

"(اے اللہ!) میں حج کے لیے حاضر ہوں میں حاضر ہوں، اے اللہ! میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں، میں حاضر ہوں، بے شک ہر تعریف، ہر نعمت اور ہر بادشاہت تیرے ہی لیے ہے، تیرا کوئی شریک نہیں"۔

نوٹ: یہ تلبیہ حجِ تمتع کرنے والوں کے لیے ہے۔

احرام باندھنے کے بعد ایک بار یہ کلمات ادا کرنا مسنون ہے۔

- **اَللّٰھُمَّ حَجَّۃٌ لَا رِیَاءَ فِیْھَا وَلَا سُمْعَۃَ.** [سنن ابن ماجہ:2890]

"اے اللہ! اس (حج) سے نہ دکھاوا مقصود ہے اور نہ شہرت مطلوب ہے"۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

تلبیہ کے الفاظ

لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ،

لَبَّیْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ،

اِنَّ الْحَمْدَ،وَالنِّعْمَۃَ لَکَ وَالْمُلْکَ،

لَاشَرِیْکَ لَکَ.

’’میں حاضر ہوں اے اللہ! میں حاضر ہوں،

میں حاضر ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں میں حاضر ہوں،

بے شک ہر تعریف، ہر نعمت اور ہر بادشاہت تیرے ہی لیے ہے،

تیرا کوئی شریک نہیں‘‘۔

[صحیح البخاری:1549]

© AL-HUDA INTERNATIONL WELFARE FOUNDATION

9 ذوالحجہ ۔یوم عرفہ

منیٰ سے عرفات جاتے ہوئے کثرت سے تلبیہ، تہلیل وتکبیر پکارنا

- **تلبیہ**

لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ، اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَکَ وَالْمُلْکَ، لَا شَرِیْکَ لَکَ.

''میں حاضر ہوں اے اللہ! میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں میں حاضر ہوں، بے شک ہر تعریف، ہر نعمت اور ہر بادشاہت تیرے ہی لیے ہے، تیرا کوئی شریک نہیں''۔

- **تہلیل وتکبیر**

لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ، اَللّٰہُ اَکْبَر . [صحيح مسلم :3097]

''اللہ کے سوا کوئی الٰہ نہیں، اللہ سب سے بڑا ہے''۔

© AL-HUDA INTERNATIONL WELFARE FOUNDATION

یوم عرفہ کی دعا

عرفہ کے دن کی بہترین دعا جو انبیاء علیہم السلام نے مانگی:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ،

لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ.

”اکیلے اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ اکیلا ہے،

اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت ہے

اور سب تعریف اُسی کے لیے ہے

اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے“۔

[سنن الترمذی:3585]

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

10 ذوالحجہ - یوم النحر

- مزدلفہ سے منی جاتے ہوئے، جمرہ عقبہ کی رمی کرنے تک تلبیہ کہنا

لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ لَاشَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ، اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَۃَ لَکَ وَالْمُلْکَ،لَا شَرِیْکَ لَکَ.

”میں حاضر ہوں اے اللہ! میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں میں حاضر ہوں، بے شک ہر تعریف، ہر نعمت اور ہر بادشاہت تیرے ہی لیے ہے، تیرا کوئی شریک نہیں“۔

[صحیح البخاری:1686]

قربانی

- جانور ذبح کرتے ہوئے ”بِسْمِ اللّٰہِ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ“ کہنا۔

[صحیح البخاری:5565]

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

طوافِ زیارہ یا طوافِ افاضہ

طواف، حجراسود کے استلام سے یہ کہتے ہوئے شروع کریں۔

• بِسۡمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكۡبَرُ. [السنن الصغرى للبيقهى، ج:1، 1659]

”اللہ کے نام کے ساتھ اور اللہ سب سے بڑا ہے“۔

• طواف کے دوران تلاوتِ قرآن، تسبیح وتہلیل اور دعائیں واذکار کرتے رہیں۔

رکن یمانی اور حجراسود کے درمیان پڑھنے کی دعا

ہر چکر میں رکن یمانی اور حجراسود کے درمیان پڑھیں:

• رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنۡيَا حَسَنَةً وَّفِی الۡاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ. [البقرة:201] [سنن أبى داؤد:1892]

”اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھلائی اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرما، اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا“۔

• طواف کے ہر چکر میں حجرِ اسود کا استلام کرتے ہوئے ”اَللّٰهُ اَكۡبَرُ“ کہیں۔ [صحيح البخارى:1632]

• ہر چکر کی خاص دعا سنت سے ثابت نہیں۔

جمرہ عقبہ کو کنکریاں مارتے ہوئے

• ہر کنکری مارتے وقت اَللّٰهُ اَكۡبَرُ کہیں۔ [صحيح البخارى:1750]

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

ایامِ تشریق

گیارہ، بارہ اور تیرہ ذوالحجہ

- تینوں جمرات: جمرہ اولی، جمرہ وسطی اور جمرہ عقبہ کو ''اَللّٰہُ اَکْبَرُ'' کہہ کر کنکریاں مارنا۔
- جمرہ اولی اور جمرہ وسطی کی رمی کے بعد قبلہ رخ ہو کر دعا کرنا۔ [صحیح مسلم:1753]

طوافِ وداع

طوافِ وداع بھی طوافِ زیارہ کی طرح ہی کیا جائے گا۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

سفرِ مدینہ

• مدینہ میں داخل ہوتے وقت شہر میں داخل ہونے کی دعا مانگیں۔

• اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَا اَظْلَلْتُ وَرَبَّ الْاَرْضِيْنَ السَّبْعِ وَمَا اَقْلَلْتُ وَرَبَّ الرِّيَاحِ وَمَا اَذْرَيْتُ وَرَبَّ الشَّيَاطِيْنِ وَمَا اَضْلَلْتُ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيْهَا.

[السلسلة الصحيحة:2759]

اے اللہ! اے ساتوں آسمانوں کے رب اور جن چیزوں پر انہوں نے سایہ کیا ہے اور ساتوں زمینوں کے رب اور جن چیزوں کو انہوں نے اٹھایا ہے اور ہواؤں کے رب اور جو کچھ انہوں نے اڑایا ہے اور شیاطین کے رب اور جنہیں انہوں نے گمراہ کیا ہے، بے شک میں تجھ سے اس بستی کی خیر اور جو اس میں ہے اس کی خیر کا سوال کرتا ہوں اور اس بستی کے شر سے اور ان چیزوں کے شر سے جو اس میں ہیں، تیری پناہ مانگتا ہوں''۔

• رَبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ۝

''اے میرے رب! مجھے سچائی کے مقام پر داخل کر اور مجھے سچائی کے مقام ہی سے نکال اور میرے لیے اپنے پاس سے مددگار قوت مہیا فرما''۔ [بنیٓ اسرآء یل:80]

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

مسجد نبوی کی زیارت

- مسجد نبوی میں داخل ہوتے وقت نبی کریم ﷺ پر درود بھیجیں۔[سنن الترمذی:314]
- اپنا دایاں پاؤں مسجد میں رکھیں اور یہ دعا مانگیں:
- **اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ.** [صحیح مسلم :1652]

"اے اللہ! میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے"۔

- **بِسْمِ اللّٰہِ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ،اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ.** [سنن ابن ماجہ:771]

"اللہ کے نام کے ساتھ، اللہ کے رسول پر سلام ہو، اے اللہ! میرے گناہ معاف فرمادے اور میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے"۔

رسول اللہ ﷺ پر سلام

- حجرہ مبارک کی طرف رخ کر کے نبی کریم ﷺ پر ان الفاظ میں سلام بھیجیں۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ.

"اے اللہ کے رسول! آپ پر سلام ہو"۔

ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پر سلام

- پھر حجرہ مبارک کی طرف ہی رخ کر کے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پر اس طرح سلام بھیجیں۔

© AL-HUDA INTERNATIONL WELFARE FOUNDATION

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَااَبَا بَكْرٍ. ''اے ابوبکر! آپ پر سلام ہو''۔

عمر فاروق رضی اللہ عنہ پر سلام

• پھر حجرہ مبارک کی طرف ہی رخ کر کے عمر فاروق رضی اللہ عنہ پر اس طرح سلام بھیجیں۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاعُمَرُ. ''اے عمر! آپ پر سلام ہو''۔

[سنن الكبرىٰ للبيهقى:10271] [موطأالامام مالك، كتاب قصر الصلاة فى السفر:68]

[مصنف عبد الرزاق: 6724] [مصنف ابن أبى شيبة:11793]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود

• کثرت سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ.

''اے اللہ! محمد اور آل محمد پر اس طرح رحمت نازل فرما جس طرح تو نے ابراہیم اور آل ابراہیم پر رحمت نازل فرمائی تھی، بے شک تو بہت تعریف والا، بزرگی والا ہے۔ اے اللہ! محمد پر اور آل محمد پر اس طرح برکتیں نازل فرما جس طرح تو نے ابراہیم اور آل ابراہیم پر برکتیں نازل فرمائیں، بے شک تو بہت تعریف والا، بزرگی والا ہے''۔

[صحيح البخارى:3370]

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

مسجد سے نکلتے وقت

- نبی کریم ﷺ پر درود بھیجیں۔[سنن الترمذی:314]
- اپنا بایاں پاؤں مسجد سے باہر رکھیں اور یہ دعا مانگیں:
- **اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ.** [صحیح مسلم :1652]

اے اللہ! بے شک میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔

- **بِسْمِ اللّٰہِ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ،اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ فَضْلِکَ.** [سنن ابن ماجہ:771]

’’اللہ کے نام کے ساتھ، اللہ کے رسول پر سلام ہو، اے اللہ! میرے گناہ معاف فرمادے اور میرے لیے اپنے فضل کے دروازے کھول دے‘‘۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

بقیع غرقد کی زیارت کرتے ہوئے

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ اَھْلَ الدِّیَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَاِنَّا اِنْ شَآءَ اللّٰہُ لَلَاحِقُوْنَ نَسْاَلُ اللّٰہَ لَنَا وَلَکُمُ الْعَافِیَةَ.

”مومنوں اور مسلمانوں میں سے ان گھروں (قبروں) میں رہنے والوں پر سلام ہو،
بے شک ہم بھی ان شاءاللہ ملنے والے ہیں،
ہم اللہ سے اپنے اور تمہارے لیے عافیت کا سوال کرتے ہیں“۔

[صحیح مسلم:2257]

• اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِاَھْلِ بَقِیْعِ الْغَرْقَدِ.

”اے اللہ! بقیع الغرقد والوں کی مغفرت فرما“۔ [صحیح مسلم:2255]

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

فرض نماز کے بعد کے مسنون اذکار

فرض نماز کے بعد سنتیں پڑھنے یا اپنی جگہ سے اٹھنے سے پہلے نبی کریم ﷺ کی بتلائی ہوئی تسبیحات اور اذکار کا اہتمام کریں۔

• اَللّٰهُ اَكْبَرُ. ''اللہ سب سے بڑا ہے''۔(اونچی آواز میں ایک بار)
[صحيح البخاری:842]

• اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ. ''میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں''۔(تین بار)
[صحيح مسلم:1334]

• اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ. (ایک بار) [صحيح مسلم:1334]

''اے اللہ! تو سلامتی والا ہے اور تیری ہی طرف سے سلامتی ہے۔ اے عزت اور جلال والے! تیری ذات بڑی بابرکت ہے''۔

• رَبِّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ. [سنن النسائی:1304]

''اے میرے رب! اپنا ذکر، شکر اور بہترین عبادت کرنے میں میری مدد فرما''۔

• رَبِّ قِنِیْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ.

''اے میرے رب! مجھے اپنے عذاب سے بچانا جس دن تو اپنے بندوں کو اٹھائے گا''۔
[صحيح مسلم:1642]

© AL-HUDA INTERNATIONL WELFARE FOUNDATION

آیۃ الکرسی

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ ج لَا تَاۡخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّ لَا
نَوۡمٌ ط لَہٗ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَمَافِی الۡاَرۡضِ ط مَنۡ ذَاالَّذِیۡ
یَشۡفَعُ عِنۡدَہٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِہٖ ط یَعۡلَمُ مَابَیۡنَ اَیۡدِیۡھِمۡ وَمَاخَلۡفَھُمۡ ط
وَلَایُحِیۡطُوۡنَ بِشَیۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِہٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ج وَسِعَ
کُرۡسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ ج وَلَایَئُوۡدُہٗ حِفۡظُھُمَا ج
وَھُوَالۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمُ O [البقرۃ:255]

’’اللہ کے سوا کوئی الٰہ (برحق) نہیں، زندہ ہے، (سب کو) قائم رکھنے والا ہے، نہ اسے اونگھ آتی ہے اور نہ نیند، آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اسی کا ہے، کون ہے جو اس کے اذن کے بغیر اس کے ہاں سفارش کر سکے، وہ جانتا ہے جو ان کے سامنے ہے اور جو ان کے پیچھے ہے اور وہ اس کے علم میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کر سکتے مگر جتنا وہ چاہے، اس کی کرسی نے آسمانوں اور زمین کو گھیر رکھا ہے اور ان دونوں کی حفاظت اس کو نہیں تھکاتی اور وہ بلند تر ہے، بہت بڑا ہے‘‘۔ [سنن الکبریٰ للنسائی:9848]

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ مَاقَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَااَسْرَفْتُ وَمَااَنْتُ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ. [مسند أحمد:729]

”اے اللہ! میرے گناہ بخش دے جو میں نے پہلے کیے، جو بعد میں کیے، جو پوشیدہ کیے اور جو علانیہ کیے اور جو میں حد سے گزرتا رہا اور وہ جن کے متعلق تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے، تو ہی (جسے چاہے) آگے کرنے والا ہے اور تو ہی (جسے چاہے) پیچھے رکھنے والا ہے۔ تیرے علاوہ اور کوئی الٰہ نہیں“۔

• لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ، لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا یَنْفَعُ ذَاالْجَدِّ مِنْکَ الْجَدُّ. (ایک مرتبہ) [صحیح البخاری:6330]

”اکیلے اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، اس کا کوئی شریک نہیں، تمام بادشاہت اسی کے لیے ہے اور تمام تعریف اسی کے لیے ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔ اے اللہ! نہیں کوئی روک سکتا جسے تو عطا کرنا چاہے اور نہیں کوئی دے سکتا جسے تو نہ دینا چاہے اور کسی دولت مند کو اس کی دولت تیرے مقابلے میں کوئی فائدہ نہیں دے سکتی“۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

• لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ط لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰـهِ، لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ وَلَا نَعْبُدُ اِلَّا اِيَّاهُ، لَهُ النِّعْمَةُ وَلَهُ الْفَضْلُ وَلَهُ الثَّنَاءُ الْحَسَنُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُوْنَ. [صحیح مسلم :1343]

’’اکیلے اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، اس کا کوئی شریک نہیں، تمام بادشاہت اسی کے لیے ہے اور تمام تعریف اسی کے لیے ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔ گناہ سے بچنے اور نیکی کرنے کی توفیق اللہ کی طرف سے ہے۔ اکیلے اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور ہم کسی کی عبادت نہیں کرتے سوائے اسی کی۔ تمام نعمتیں اور تمام فضل اسی کی طرف سے ہے اور تمام بہترین تعریف اسی کے لیے ہے۔ اکیلے اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، ہم اسی کے لیے دین کو خالص کرنے والے ہیں اگرچہ کافروں کو ناپسند ہو‘‘۔

• اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ. (ایک مرتبہ) [صحیح البخاری:2822]

’’اے اللہ! بے شک میں تیری پناہ چاہتا ہوں بزدلی سے، میں تیری پناہ چاہتا ہوں کہ میں

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

بے بسی کی عمر کی طرف لوٹا دیا جاؤں، میں تیری پناہ چاہتا ہوں دنیا کی آزمائش سے اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں عذابِ قبر سے"۔

- **سُبْحَانَ اللّٰهِ.** "اللہ پاک ہے"۔(33 مرتبہ)
- **اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ.** "تمام تعریف اللہ ہی کے لیے ہے"۔(33 مرتبہ)
- **اَللّٰهُ اَكْبَرُ .** "اللہ ہی سب سے بڑا ہے"۔(33 مرتبہ) [صحيح مسلم:1349]
- **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ.** (ایک مرتبہ)

[صحيح مسلم:1352]

"اکیلے اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، اس کا کوئی شریک نہیں، تمام بادشاہت اسی کے لیے ہے اور تمام تعریفیں اسی کے لیے ہے اور وہ ہر چیز پر پوری طرح قدرت رکھنے والا ہے"۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

معوّذات پڑھنا

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌO اَللّٰہُ الصَّمَدُO لَمۡ یَلِدۡ وَلَمۡ یُوۡلَدۡO وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌO (ایک مرتبہ) [الاخلاص:1-4]

’’کہہ دیجیے! وہ اللہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ اس سے کوئی پیدا ہوا اور نہ ہی وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ ہی کوئی اس کا ہمسر ہے‘‘۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِO مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَO وَمِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَO وَمِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الۡعُقَدِO وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَO (ایک مرتبہ) [الفلق:1-5]

’’کہہ دیجیے! میں صبح کے رب کی پناہ چاہتا ہوں۔ اس شر سے جو اس نے پیدا کیا ہے اور اندھیری رات کی تاریکی کے شر سے جب وہ پھیل جائے اور گرہوں میں پھونکنے والیوں کے شر سے اور حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے‘‘۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ o مَلِکِ النَّاسِ o اِلٰہِ النَّاسِ o مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ o اَلَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ o مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ o (ایک مرتبہ) [النّاس:1-6]

”کہہ دیجیے! میں لوگوں کے رب کی پناہ چاہتا ہوں۔ لوگوں کے مالک کی۔ لوگوں کے معبود کی ۔ وسوسہ ڈالنے والے، بار بار پلٹ کر آنے والے کے شر سے۔ وہ لوگوں کے سینوں میں وسوسہ ڈالتا ہے۔ جنوں اور انسانوں میں سے“۔ [مسند أحمد:17417]

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

نماز جنازہ میں پڑھی جانے والی دعا

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلَهٗ وَ ارْحَمْهُ وَ عَافِهٖ وَ اعْفُ عَنْهُ وَاَكْرِمْ نُزُلَهٗ وَوَسِّعْ مُدْخَلَهٗ وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّهٖ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَاَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِنْ دَارِهٖ وَاَهْلًا خَيْرًامِنْ اَهْلِهٖ وَزَوْجًاخَيْرًا مِنْ زَوْجِهٖ وَاَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَاَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ. [صحیح مسلم :2232]

”اے اللہ! اس کی بخشش فرما، اس پر رحم فرما اور اس سے درگزر کر کے اسے معاف فرما دے۔اس کی اچھی مہمانی کر، اس کے داخل ہونے کی جگہ کشادہ کر دے، اسے پانی، برف اور اولوں سے دھو ڈال اور اسے خطاؤں سے اس طرح صاف کر دے جیسے تو سفید کپڑا میل کچیل سے صاف کر دیتا ہے۔ اسے اس کے گھر سے بہتر گھر، اس کے گھر والوں سے بہتر گھر والے اور اس کے ساتھی سے بہتر ساتھی عطا فرما۔ اسے جنت میں داخل فرما اور اسے عذاب قبر اور آگ کے عذاب سے بچالے“۔

© AL-HUDA INTERNATIONL WELFARE FOUNDATION

یہ دعا بھی مانگ سکتے ہیں:

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَمَیِّتِنَا وَصَغِیْرِنَا، وَکَبِیْرِنَا، وَذَکَرِنَا وَاُنْثَانَا، وَشَاھِدِنَا وَغَائِبِنَا، اَللّٰھُمَّ مَنْ اَحْیَیْتَہُ مِنَّا فَاَحْیِہِ عَلَی الْاِیْمَانِ وَمَنْ تَوَفَّیْتَہُ مِنَّا فَتَوَفَّہُ عَلَی الْاِسْلَامِ، اَللّٰھُمَّ لَا تَحْرِمْنَا اَجْرَہُ وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَہُ. [سنن أبی داود:3201]

”اے اللہ! ہمارے زندوں اور مُردوں کو، چھوٹوں اور بڑوں کو، مَردوں اور عورتوں کو، ہمارے حاضر اور غائب لوگوں کو بھی بخش دے۔ اے اللہ! ہم میں سے جسے تو زندہ رکھے تو اسے ایمان کے ساتھ زندہ رکھ اور ہم میں سے جسے تو موت دے تو اسے اسلام پر موت دے۔ اے اللہ! ہمیں اس کے اجر سے محروم نہ رکھ (جو ہم نے مرنے والے کے لیے دعا کی) اور اس کے بعد ہمیں گمراہ بھی نہ کرنا“۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

سفر سے واپسی کی دعائیں

اَللّٰـهُ اَکْبَرُ، اَللّٰهُ اَکْبَرُ، اَللّٰهُ اَکْبَرُ،سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنا هٰذَا وَمَا کُنَّا لَهُ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ط اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْاَلُکَ فِیْ سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰی وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰی،اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَیْنَاسَفَرَنَاهٰذَا وَاطْوِعَنَّا بُعْدَهٗ،اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَةُ فِی الْاَهْلِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَکَآبَةِ الْمَنْظَرِ وَسُوْءِ الْمُنْقَلَبِ فِی الْمَالِ وَالْاَهْلِ،آئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ. [صحيح مسلم:3275]

”اللہ سب سے بڑا ہے،اللہ سب سے بڑا ہے،اللہ سب سے بڑا ہے، پاک ہے وہ ذات جس نے اس (سواری) کو ہمارے لیے مسخر کردیا حالانکہ ہم اس کو قابو میں لانے والے نہ تھے اور بے شک ہم اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں۔اے اللہ! ہم اس سفر میں تجھ سے نیکی،تقوٰی اور ایسے عمل کا سوال کرتے ہیں جو تجھ کو پسند ہو۔اے اللہ! ہم پر اس سفر کو آسان کردے اور اس کی دوری کو لپیٹ دے۔اے اللہ! تو اس سفر میں (ہمارا) ساتھی

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

آسان کر دے اور اس کی دوری کو لپیٹ دے۔ اے اللہ! تو اس سفر میں (ہمارا) ساتھی ہے اور اہل وعیال میں ہمارا خلیفہ ہے۔ اے اللہ! میں سفر کی تکلیف، برے منظر اور اپنے مال اور اہل وعیال میں بری حالت کے ساتھ واپس آنے سے تیری پناہ طلب کرتا ہوں۔ ہم لوٹنے والے ہیں، توبہ کرنے والے ہیں، عبادت کرنے والے ہیں، اپنے رب کی تعریف کرنے والے ہیں"۔

شہر کے قریب پہنچ کر ان کلمات کو شہر میں داخل ہونے تک مسلسل پڑھنا

آئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ. [صحیح البخاری:3085]

"ہم لوٹنے والے ہیں، توبہ کرنے والے ہیں، عبادت کرنے والے ہیں، اپنے رب کی تعریف کرنے والے ہیں"۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

پڑھیئے اور پڑھایئے

دعاؤں کی کتب اور کارڈز

- وایاک نستعین (کتاب)
- قرآنی دعائیں (کتاب)
- سفر کی دعائیں (کتابچہ)
- حصول علم کی دعائیں (کارڈ)
- صالح اولاد کے لیے دعائیں (کارڈ)
- رنج وغم کے ازالہ کی دعائیں (کارڈ)
- فہم القرآن میں مددگار دعائیں (کارڈ)
- نظر اور تکلیف کی دعائیں (کارڈ)
- حفاظت کی دعائیں (کارڈ)
- میت کی بخشش کی دعائیں (کارڈ)
- رمضان مبارک کی مسنون دعائیں (کارڈ)
- نماز کے بعد کے مسنون اذکار (کارڈ)
- دعائے استخارہ ودعائے حاجت (کارڈ)
- نمازِ تہجد کے لیے دعائے استفتاح (پوسٹر)
- آیاتِ شفاء (کارڈ)

© AL-HUDA INTERNATIONL WELFARE FOUNDATION

الہدیٰ ایک نظر میں

الہدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن پاکستان 1994 سے تعلیم اور معاشرتی فلاح و بہبود کے میدان میں سرگرم عمل ہے۔ الحمدللہ! پاکستان اور بیرون ملک اس کی بہت سی شاخیں کام کر رہی ہیں۔ فاؤنڈیشن کے تحت درج ذیل شعبہ جات کام کر رہے ہیں:

شعبہ تعلیم و تربیت

اس شعبہ کے تحت قرآن و سنت کی تعلیم طلباء و طالبات کی تربیت و کردار سازی کے لیے مختلف دورانیے کے درج ذیل کورسز کروائے جاتے ہیں:

- تعلیم القرآن کورس
- تدبر القرآن کورس
- صوت القرآن کورس
- فہم القرآن کورس
- تحفیظ القرآن کورس
- تعلیم التجوید کورس
- تعلیم القراءات العشرۃ الصغریٰ کورس
- تعلیم دین کورس
- تفہیم دین کورس
- تعلیم الحدیث کورس
- حی علی الفلاح کورس
- خط و کتابت کورسز
- سمر کورسز
- سوشل میڈیا کے ذریعہ کورسز
- روشنی کا سفر
- روشنی کی کرن
- ریالٹی چیک
- فقہ اسماء اللہ الحسنیٰ

ہمارے بچے کورسز: • منار الاسلام • مصباح القرآن • مفتاح القرآن

- **الہدیٰ انٹرنیشنل سکول** میں مانٹیسوری تا اے لیول تک کے بچوں کو جدید تعلیم کے ساتھ ساتھ قرآن و سنت کی تعلیم بھی دی جاتی ہے۔

شعبہ خدمت خلق

اس شعبہ کے تحت معاشرتی فلاح و بہبود کے مندرجہ ذیل منصوبہ جات پر کام کیا جاتا ہے:

- راشن کی فراہمی رمضان المبارک میں
- اجتماعی قربانی عید الاضحیٰ کے موقع پر
- روزگار کی فراہمی
- ماہانہ وظائف بیوہ اور نادار خواتین کے لیے
- تعلیمی وظائف مستحق طلبہ کے لیے
- کچی بستیوں میں تعلیمی اور رفاہی کام
- دینی و سماجی راہنمائی پریشان افراد کے لیے
- کفن کی دستیابی
- فری میڈیکل کیمپوں کا قیام
- کنوؤں کی کھدائی اور پانی کی فراہمی
- ضروری امداد قدرتی آفات کے موقع پر
- میرج بیورو

شعبہ نشر و اشاعت

- اس شعبہ میں عوام الناس کی راہنمائی کے لیے تحقیق شدہ تحریری اور تقریری مواد کی تیاری اور نشر و اشاعت کا کام کیا جاتا ہے۔
- **اشاعت کتب:** اردو، انگریزی کے علاوہ دیگر علاقائی زبانوں میں مختلف دینی موضوعات پر کتب، کارڈز، کتابچے اور پمفلٹس تیار کیے جاتے ہیں۔
- **میڈیا پروڈکشن:** قرآن مجید کی تفسیر کے علاوہ حدیث، سیرت، فقہ اور دیگر تعلیمی، تربیتی، اخلاقی اور معاشرتی موضوعات پر آڈیو اور ویڈیو لیکچرز میڈیا فورمز پر بلا معاوضہ پیش کیے جاتے ہیں۔

☆**Alhuda Apps:**

- Quran for All • Quran in Hand • Learn Quran • Alhudalive • Duain
- Asmaa' Allah al-Husna • Quranic & Masnoon Duas • Wa Iyyaka Nastaeen • Dua Kijiay
- Supplications for Traveling • Sonay Jagnay Kay Azkaar • Hajj & Umrah • Quran Qaida

☆**Alhuda e-Learning:**

Alhuda e-Learning is a free platform for learning authentic knowledge of Quran and Sunnah under teacher supervision.

یہ ایک ایسا فری ایپ ہے جو موجودہ دور کی ضرورت کو سامنے رکھ کر بنایا گیا ہے۔ اس کے ذریعے طلباء کسی بھی وقت دنیا کے کسی بھی ملک میں نہ صرف باقاعدگی سے کلاس لے سکتے ہیں بلکہ لیکچر ڈاؤن لوڈ بھی کر سکتے ہیں۔

- Learn as a student/guest.
- Attendance marking and points calculation.
- Communication with Group Incharge via WhatsApp.
- Download audios
- Listen anywhere anytime
- Live classes on Zoom.

☆ **Websites:** www.alhudapk.com | www.farhathashmi.com
☆ **Facebook:** www.facebook.com/DrFarhatHashmi/
☆ **YouTube:** www.youtube.com/drfarhathashmi official/
☆ **Telegram Channels:** https://telegram.me/ThePeralsofWisdom

© ALHUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

TM

لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ،

لَبَّیْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ،

اِنَّ الْحَمْدَ،وَالنِّعْمَةَ لَکَ وَالْمُلْکَ،

لَا شَرِیْکَ لَکَ.

AL-HUDA
Publications (Pvt) Ltd.

08010011

TM
AL-HUDA
Publications (Pvt) Ltd.